بہا، ہوز و فتح واو و نون ساکن (مادّہ بھو भू ہونا لیٹ (लृत) زائد آخر)

**واکا** **वाका** اُس کا (ہندی بھاشا)

**ہرکھ** **हर्ष** خوشی، کھلنا (سنسکرت)، بفتح ہا، ہوز و را، مہملہ ساکن و کاف عربی مخلوط بہا، ہوز ساکن

**سمے** **समय** وقت، زمانہ (سنسکرت)، بفتح سین مہملہ و میم مفتوح و یا، ساکن (مادّہ بھی (मा) بمعنی ناپنا و سم (सम) حرف زائد اول اَچ (अन) زائد آخر یا سَم بمعنی برابر اینٹر (इण) بمعنی جانا اور اَچ زائد آخر)

**اَچرج** **अचरज** تعجب (ہندی بھاشا)، بفتح الف و سکون جیم فارسی و را، مہملہ مفتوح و جیم عربی ساکن۔ اصل سنسکرت آشچری (आश्चर्य) تعجب

**مُکھ** **मुख** بدن۔ مُنھ (سنسکرت)، بضم میم و کاف عربی مخلوط بہا، ہوز ساکن (مادّہ کھن (खन) بمعنی کھودنا)

**ہرنا** **हरना** لے جانا، چھینا (ہندی بھاشا)، بفتح ہا، ہوز و را، مہملہ ساکن و نون مفتوح و الف

**بَین** **बैन** آواز، بانسلی (ہندی بھاشا)، بفتح با، موحدہ و یا، مجہول ساکن و نون ساکن۔ اصل سنسکرت وینٹر वेणु بمعنی گویا

**بھاو** **भाव** حالت، فطرت۔ بھید (سنسکرت)

**سوبھاو** **स्वभाव** عادت، حالت (سنسکرت)

**سُرنگ** **सुरंग** خوش رنگ (ہندی بھاشا) بضم سین مہملہ ورا مہملہ مفتوح و نون غنہ و کاف فارسی ساکن

**گنونت** **गुनवन्त** ہنرمند (ہندی بھاشا) بضم کاف فارسی و نون ساکن و تار مثناۃ ساکن

**نپوتا** **निपूता** لاولد، مقطوع النسل (ہندی بھاشا) بکسر نون وضم بار فارسی و واو معروف و تار مفتوحہ والف۔ اصل سنسکرت پُتّر (पुत्र) اوپر اس کی تحقیق گزری

**الکھ** **अलख** نظر نہ آنے والی چیز۔ ایک قسم کی عبادت (ہندی) بفتح الف و لام مفتوح و کاف عربی مخلوط بہار ہوز۔ اصل سنسکرت الکش (अलक्ष) بمعنی غیر معلوم (مادہ لکش (लक्ष) بمعنی نشان کرنا آ حرف نفی

**بھبھوت** **भभूत** خاکستر، راکھ، گوبر کی جلی ہوئی راکھ جس کو جوگی فقیر اپنے جسم پر ملتے ہیں (ہندی بھاشا) اصل سنسکرت وِبھُوتی (विभूति) (بھُو (भू) ہونا اور وی (वि) زائد ابتدا۔ اور کتن (क्तिन) زائد آخر)

**بِرہ** **बिरह** جدائی، فراق (ہندی بھاشا) بکسر بار موحدہ و را مہملہ مفتوحہ و ہار ہوز ساکن۔ اصل سنسکرت وِرہ (विरह) جدائی (مادہ رہ (रह) بمعنی چھوڑنا وی (वि) حرف زائد اوّل بمعنی قبل اور اچ (अच) زائد آخر)

**سِنگی** **सिंगी** ترہی، قرنا، (ہندی بھاشا) بکسر سین مہملہ و نون غنہ و کاف فارسی

مکسور ویا معروف۔ اصل سنسکرت شرنگ (श्रृङ्ग) سنگ (مادہ شری (श्रृ)
نقصان پہنچانا، گن (गन) زائد آخر)

بیوگی **बियोगी** جدا، علحدہ، عاشق (ہندی بھاشا) بکسر بار موحدہ و یار
مضموم دواو مجہول وکاف فارسی مکسور ویار معروف اصل سنسکرت ویوگی (مادہ
یُج (युज) بمعنی ملانا۔ وی (वि) حرف زائد اول بمعنی جدائی۔ گھن (घञ)
زائد اخیر)

اٹاری **अटारी** بالاخانہ، کوٹھا (ہندی بھاشا) بفتح الف و فتح بار ہندی والف
رار مہملہ ویار معروف۔ اصل لفظ سنسکرت اٹال (अट्टाल) بمعنی بالاخانہ۔ چھت کے
اوپر کا مکان (مادہ اٹ (अट्ट) بمعنی بہت اور آل (अल) بمعنی روکنا۔
آراستہ کرنا)

آنند **आनन्द** خوشی (سنسکرت) الف ممدودہ ونون مفتوح ونون ساکن ودال
ساکن (مادہ آں (आङ्) بمعنی قبل حرف زائد۔ ندی (नदि) مصدر بمعنی
خوش کرنا اور لیُٹ (ल्युट) حرف زائد اخیر)

ابھرن **अभरण** زیور۔ گہنا (ہندی بھاشا) بفتح الف و بار موحدہ مخلوط
بہار ہوز ساکن ورار مہملہ مفتوح ونون ساکن) اصل سنسکرت آبھرن (आभरण)
زیور۔ آراستگی۔ پرورش (مادہ آں (आङ्) حرف زائد بھرن (भृञ) بمعنی
بھرنا۔ پرورش کرنا لیُٹ (ल्युट) حرف زائد اخیر)

بھُور भोर صبح، سویرا (ہندی بھاشا) بضم بار موحدہ مخلوط بہار ہوز و واو مجہول

بالک बालक لڑکا۔ بچّہ (سنسکرت) بفتح بار موحدہ والف و لام مفتوح و
کاف عربی ساکن۔

بیار बयार ہوا (ہندی بھاشا) بفتح بار موحدہ و یار مفتوح والف و رار مہملہ
اصل سنسکرت وایو (वायु)

اَتِی अति بہت (ہندی بھاشا) بفتح الف و تار مثناۃ مکسور و یار خفیف۔

سُندر सुन्दर خوبصورت، بہتر (سنسکرت) بضم سین مہملہ و نون ساکن و دال
مہملہ مفتوح و رار مہملہ ساکن (مادہ سُو (सु) بہتر۔ خوب اور دری (द्र) عزت کرنا
مصدر اَپ (अप) حرف زائد اخیر)

رُوپ रूप شکل، صورت (سنسکرت) بضم رار مہملہ و واو معروف و بار فارسی

ٹُونا टोना جادو، سحر (ہندی بھاشا) بضم تار ہندی و واو مجہول و نون مفتوح و الف

مان मान عزت۔ وقار۔ ناز۔ گمان (سنسکرت) بفتح میم والف و نون (مادہ
مَنْ (मन) فکر کرنا۔ گھن (घन) حرف زائد اخیر)

آنچر आंचर دامن۔ کنارہ (سنسکرت) الف ممدودہ و نون غنہ و جیم فارسی
مفتوحہ و رار مہملہ ساکن اصل اَنچر (अञ्चर) (مادہ اَنچ (अञ्च) جانا اور اَچ
(अचल) حرف زائد)

کھَن खन لمحہ، ساعت (ہندی بھاشا) بفتح کاف عربی و ہار مخلوط مفتوح و

نون ساکن۔ اصل سنسکرت کشتنر (क्षत्र) لمحہ جس کا تلفظ ہندی میں زیادہ تر کہہ سے ہوتا ہے

دہل देहल دروازہ، چوکھٹ (ہندی بھاشا) بکسر دال مہملہ ویار مجہول و ہار ہوز مفتوح و لام ساکن۔ اصل سنسکرت دِہلی (देहलि) بمعنی چوکھٹ

سُتّا सुत्ता سویا ہوا (ہندی بھاشا) بضم سین مہملہ و تار مثناۃ مشددہ مفتوحہ

بُتّا बुत्ता دھوکھا (ہندی بھاشا) بضم بار موحدہ و تار مشدد و الف

بھانڈا भाण्डा برتن، ظرف (ہندی بھاشا) بفتح بار موحدہ مخلوط بہار ہوز و نون غنہ و الف و دال ہندی و الف اصل سنسکرت بلا الف آخر۔

بِپت बिपत مصیبت، رنج (ہندی بھاشا) بکسر بار موحدہ و بار مفتوحہ فارسی و تار مثناۃ ساکن۔ اصل سنسکرت وِپتّی (विपत्ति) (مادّہ وی (वि) زائد اوّل بمعنی عکس پت (पत) جانا۔ کِتن (क्तिन) زائد اخیر)

مندر मन्दिर مکان۔ گانوں۔ عبادت خانہ۔ سمندر۔ اصطبل (سنسکرت) بفتح میم و سکون نون و کسر دال مہملہ و سکون رار مہملہ (مادّہ مَدِی (मदि) بمعنی سونا۔ کیرچ (किरच) زائد اخیر)

اَچّھر अच्छर حرف تہجی (ہندی)، بفتح الف و تشدید جیم فارسی مخلوط بہار ہوز مفتوح و رار ساکن۔ اصل سنسکرت اکشر (अक्षर) حرف تہجی۔ غیر فانی۔ شیو آسمان (مادہ اشو (अशू) بیدھنا۔ تمام چھا جانا اور سر (सर) زائد اخیر)

**بیر** **वेर** وقت، دیر (ہندی بھاشا) بکسر بار موحدہ ویاے مجہول و را مہملہ ساکن اخیر۔ اصل سنسکرت بیلا (वेला) وقت

**بیاکل ویاکل** **व्याकुल** حیران، گھبرایا (سنسکرت) بفتح واو و یار والف کاف عربی مضموم و واو مجہول و لام ساکن (مادہ وی (वि) بمعنی قبل اور آکل (आकुल) بمعنی حیران ہونا)

**سیس** **सीस** سر (ہندی بھاشا) بکسر سین مہملہ و یار معروف و سین مہملہ ساکن۔ اصل سنسکرت شیرس (शिरस) بمعنی سر۔ چوٹی (مادہ شری (श्रि) عزت کرنا۔ اسن (असुन) زائد)

**مکٹ** **मुकुट** تاج، چھتر (سنسکرت) بضم میم وضم کاف عربی و تار ہندی ساکن (مادہ مکی (मकि) آراستہ کرنا اور اُٹ (उट) زائد)

**ڈھگ** **ढिग** نزدیک، قریب (ہندی بھاشا) بکسر دال ہندی مخلوط بہار ہوز و کاف فارسی ساکن اصل سنسکرت دِشش दिश بمعنی جگہ

**رتی** **रत्ती** رتی۔ مجازاً سرخ (مشہور وزن)

**جگ** **जग** دنیا (ہندی بھاشا) بفتح جیم عربی و سکون کاف فارسی اصل سنسکرت جگت (जगत) (مادہ گم (गम) اور اَتی (अति) زائد اخیر)

**پت** **पत-पति** عزت، شوہر (ہندی) بفتح بار فارسی و تار مثناۃ مکسور و یار معروف اصل سنسکرت پد (पद) (مادہ پد (पद) بمعنی جانا اور اَچ (अच) زائد)

سَرب सर्व تمام، سب (سنسکرت) بفتح سین مہملہ ورا مہملہ ساکن و واو ساکن آخر۔

سَلونَا सलोना نمکین، خوبصورت (ہندی بھاشا) بفتح سین مہملہ ولام مضموم و واو مجہول و نون مفتوح والف آخر۔

کام काम خواہش نفسانی (سنسکرت)

برھنی विरहिनी جدائی میں گرفتار عورت، رنجیدہ عورت (سنسکرت) تحقیق اوپر گزری۔

بِنتی बिनती التجا، بڑائی کرنا (ہندی) بکسر بار موحدہ وفتح نون وتار مثناۃ مکسور و یار معروف۔ اصل سنسکرت وِنتی (विनति) (مادّہ وی (वि) پیشتر اور نم (नम) بمعنی جھکنا۔ کِتن (क्तिन) زائد)

دُکھیا दुखिया مریض، درد آلودہ (ہندی بھاشا) بضم دال مہملہ وکسر کاف عربی مخلوط بہار ہوز و یار مفتوح والف۔

رِشی۔ رِکھی ऋषि مرد صالح، عابد، فقیہہ (سنسکرت) بکسر را مہملہ وکسر شین معجمہ و یار معروف (مادّہ رِش (ऋष) جانا ان (इन) زائد)